نظریۂ جمہوریت

دُنیا کے سیاسی نظریوں میں جس قدر پُرفریب اور پُرتلبیس نظریۂ جمہوریت ہے اس قدر کوئی بھی نہیں ہے۔ بظاہر یہ ایک جنت ہے۔ جس میں خوف اور حزن کا نام و نشان بھی نہیں ہے، جس میں شخصی آزادی کی حفاظت ہوتی ہے۔ جس میں انسانیت کی قدر و قیمت پہچانی جاتی ہے۔ اور جس میں غربت و امارت کا کوئی سوال باقی نہیں رہتا۔ لیکن جب اس کے باطن پر نظر کی جائے تو یہ ایک جہنم نظر آتی ہے جس میں تکالیف اور پریشانیاں بھری پڑی ہیں۔ جس میں انسانیت کو کند چھری سے ذبح کیا جاتا ہے۔ جس میں شخصی آزادی کا گلا گھونٹ دیا جاتا ہے۔ اور جس میں غریب و کمزور کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے۔ جمہوریت کے کل مصائب اور خرابیوں پر غور کرنے سے اس فردوس نما دوزخ کی حقیقت معلوم کی جا سکتی ہے۔

مفکرِ اسلام

مولانا محمد اسحاق صدیقی سندیلوی

"اسلام کا سیاسی نظام"

(صفحہ ۲۹۴)